13-Sep-12

پریس ریلیز

سانحہ بلدیہ کراچی کے متاثرین کیلیئے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی جانب سے 2 کروڑ کی امداد

کراچی ۔(پ ۔ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے ترجمان شکیل دہلوی نے میڈیا کو ایک بیان جاری کیا ہے جس میں سانحہ بلدیہ ٹاؤن کراچی میں فیکٹری میں ہونے والی ہولناک آتشزدگی سے متاثرہ خاندانوں کیلیئے چیئرمین عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل نے فوری طور پر ابتدائی مرحلے میں 2 کروڑ روپے کے فنڈ سے امداد کا اعلان کیا ہے۔اس سلسلے میں عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کا ہنگامی کیمپ قائم کر دیا گیا ہے رابطہ کیلیئے **0333-2346116/111-153-153** اور **0333-2111645** نوٹ فرمالیں۔متاثرین فوری طور پر صبح 9 سے شام 6 بجے تک اپنے کوائف لکھوا کر رجسٹریشن کرالیں تاکہ ان کی مدد کی جا سکے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے مرحومین کیلیئے بلدیہ ٹاؤن میں موجود قبرستان میں تجہیز و تکفین کے مکمل انتظامات ،زخمیوں کو فوری طبی امداد اور علاج کی سہولیات ،متاثرہ خاندانوں اور لواحقین کا مفت علاج ،سانحہ سے متاثرہ خاندانوں اور لواحقین کو چھ ماہ تک مفت راشن کی فراہمی اور دیگر سہولیات فراہم کی جائینگی۔دریں اثناء کمشنر کراچی روشن علی شیخ نے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ سے مسخ شدہ لاشوں کو کفن باکسز کے ذریعے انکے آبائی علاقوں تک پہنچانے کیلیئے رابطہ کیا جس پر عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ نے فوری طور پر کام شروع کر دیا ہے۔

#

شکیل دہلوی

ڈائریکٹر تعلقات عامہ

0333-2111645